## بقیہ 1

سے وصول کرنے کی درخواست ہے جبکہ بجلی کی قیمت میں 14ارب روپے دیگر مد میں وصول کیے جائیں گے۔نیپرا تقسیم کار کمپنیوں کی درخواست پر سماعت کرے گا، بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کے الیکٹرک سمیت تمام صارفین کے لیے مانگا گیا ہے۔

## بقیہ 2

ختم ہوگی۔ حکومت نے دسمبر 2023 کو صدارتی آرڈیننس کے ذریعہ بجلی چوری قابل دست اندازی پولیس جرم قرار دیا تھا۔

## بقیہ 3

(جنگلی لہسن) اور ایک سمگلر کو چھوڑ کر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئی، جڑی بوٹی کی قیمت پاکستانی مارکیٹ میں دو کروڑ اور بین الاقوامی مارکیت میں میں چار کروڑ روپے بتائی جارہی ہے ۔ چھاپہ مارنے والے محکمہ جنگلات کے اہلکاروں کا نام مجاہدین اور حفیظ الرحمان ہیں۔ان اہلکاروں نے جب چھاپہ مارا اس وقت ایک پرائیوٹ گاڑی سے بوٹی اتار کر مشیر جنگلات کی سرکاری فارچونر گاڑی نمبر جی ایل ٹی 30 پر لوڈ کی جارہی تھی، فارسٹ کے عملے کو دیکھ کر دونوں گاڑیاں رفو چکر ہوگئیں لیکن بوٹی سے بھرے چار تھیلے اور سمگلروں کا ایک ساتھی مسمی زیدالرحمٰن اہکاروں کے ہتھے چڑھ گیا۔یاد رہے کہ جنگلی تھوم دیسی دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے جبکہ چائینہ میں اس کی بڑی مانگ ہے یہ بوٹی زیادہ تر کر گلگت بلتستان کے ضلع استور کے پہاڑی علاقوں میں وافر مقدار میں پیدا ہوتی ہے جہاں سے وہاں کے مقامی باشندے نکال کے فروخت کرتے ہیں ۔علاوہ ازیں محکمہ جنگلات کی کارکردگی بھی بڑی شاندار ہے اسی چکرکوٹ کے جنگلات سے کاٹی ہوئی دس ارب روپے مالیت کی لکڑی پڑی پڑی سڑ رہی ہے جس علاقے کا مشیر جنگلات (اعلیٰ رکھوالا) ہی سمگلنگ میں ملوث ہو اس علاقے کا تو خدا ہی حافظ ہے۔

## بقیہ 4

میں ڈیجیٹل ریفارمز کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ پنجاب بھر کے اداروں کو ماڈرن لائنز پر ڈیجیٹلائز بنا رہے ہیں - شہریوں کو طویل قطاروں میں کھڑے ہو کر انتظار نہیں کرنا پڑے گا - دستک پائلٹ پراجیکٹ کے بہترین رزلٹ مل رہے ہیں، بتدریج دائرہ کار کو وسعت دیں گے -انہوں نے کہا کہ سرکاری محکموں میں فائل کلچر کو ختم کررہے ہیں - آئی ٹی بیسڈ ریفارمز سے شہریوں کو ایجنٹ مافیا اور کرپشن سے نجات ملے گی۔

## بقیہ 5

موقع پر ٹیم گئی تو دونوں کمپنیوں کے دفاتر کبھی وہاں موجود ہی نہیں تھے، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مون لائٹ ٹریڈرز کمپنی کا ایڈریس بھی جعلی تھا، برائٹ اسٹار کمپنی کے ایڈریس پر کمپنی مالک کی والدہ رہائش

منصوبے کو آگے بڑھا رہی ہے۔ کمپنی کو امید ہے کہ معقول کسٹم ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس اسٹرکچر کے ذریعے منافع بخش انداز سے کام کرنا ممکن ہو سکے گا۔چینی کمپنی کے سی ای او کا کہنا ہے کہ درآمدی تاجروں کو سولر پینلز پر صفر کسٹم ڈیوٹی اور صفر سیلز ٹیکس کی سہولت میسر ہے۔سولر پینلز کے پلانٹس اور پارٹس پر 18 فیصد سیلز ڈیوٹی عائد ہے۔سولر سیلز کی درآمد اس وقت ڈیوٹی فری ہے۔اس کے نتیجے میں مینوفیکچرنگ کے شعبے کو مشکلات کا سامنا ہے۔چینی کمپنی نے طویل المیعاد بنیاد پر مینوفیکچرنگ کے لیے ٹیکس کا اسٹرکچر تجویز کیا ہے تاکہ اس شعبے کی منافع کمانے کی صلاحیت برقرار رہے۔ اِسی صورت سولر پینل مینوفیکچرنگ کے شعبے میں سرمایہ کاری ہوتی رہے گی۔اس صورت میں پاکستان کو سالانہ 30 سے 50 کروڑ ڈالر کا زرِمبادلہ بچانے میں مدد ملے گی۔واضح اور معقول ڈیوٹی اسٹرکچر ملک میں سولر پینل تیار کرنے کے شعبے کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔اس کے لیے سولر پینلز تیار کرنے والی مشینری، اُس کے پرزوں اور دیگر مٹیریل کی درآمد ڈیوٹی فری کرنا پڑے گی۔

## بقیہ 12

دیا، بعد میں میت کی تدفین ہوگئی اور شمار میں چہ مگوئیاں شروع ہوگئیں کہ مسمات (ز) کو قتل کیا گیا جس پر ہمیں تشویش لاحق ہوگئی، بعد میں علم ہوا کہ خاتون نے سوتیلے بھائی عامر سے مطالبہ کیا کہ جو میرے زیورات خورد برد کئے ہیں وہ واپس کردو اسی دوران ملزمان عامر عثمان ولد عبدالرحمٰن نے ایک ساتھ مل کر اپنی بہن کو فائر مار کر قتل کر دیا، پولیس تھانہ قائد آباد نے مدعی عطاء اللہ کی درخواست پر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

## بقیہ 13

مشترکہ پارلیمنٹ کا اجلاس اگلے ہفتے بدھ یا جمعرات کو طلب کرنے کی تجویز مشترکہ اجلاس میں کوئی آئینی ترمیم نہیں ہوسکتی، اس حوالے سے تمام خبریں بے بنیاد ہیں، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس میں ختم نبوت سے متعلقہ کیس کے حوالے سے پارلیمان، علماء اور دیگر کے کردار کی تعریف ختم نبوت ایمان کا حصہ ہے، اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، اسپیکر اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی شرکت وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ بھی اجلاس میں موجود اجلاس میں ممبران قومی اسمبلی سید نوید قمر، شیخ آفتاب احمد، شہلا رضا، طارق فضل چوہدری، اعجاز حسین جاکھرانی، نزہت صادق، خالد حسین مگسی، نور عالم خان، شگفتہ جمانی کی بھی شرکت اجلاس میں ممبران اسمبلی گوہر علی خان، ملک عامر ڈوگر، سید امین الحق، علی محمد خان، زرتاج گل اور سید حفیظ الدین بھی شریک

